Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

ZIYARAT · OTHER ZIYARATS OF I.HUSAIN (A)

4th Ziyarat I.Husain (a)

زیارت امام حسین (ع)-۴

Imam Sadiq (a) says, when one of you prepares for the Ziyarat the dwellers of the heavens give good news to each other and when he leaves the house and goes by a vehicle or on foot, Allah appoints 1000 Angels that they continue to send salawat (blessings) on him till he reaches the grave of Imam Husain (a). After this Imam Sadiq (a) said: When you go near the grave of Imam Husain (a) stand at the door of the tomb and recite these words as in exchange of each word you will receive the benefit of Allah's mercy...

یہ ایک مختصر زیارت ہے جسے سید ابن طاؤسؒ نے مزار میں نقل کیا اور فرمایا ہے : اس زیارت کی فضیلت بہت زیادہ ہے، جابر جعفیؒ نے امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: تمہارے اور امام حسینؑ کی قبر مبارک کے درمیان کس قدر فاصلہ ہے؟ میں نے عرض کی: ایک دن کی مسافت سے کچھ زیادہ ہے ! آپ نے فرمایا: کیا تم حضرتؑ کی زیارت کرنے جایا کرتے ہو؟ میں نے عرض کی: ہاں جاتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: کیا میں تجھے اس کے ثواب کی خوش خبری نہ دوں؟ میں نے عرض کی: ہاں میں آپ پر فدا ہو جاؤں بشارت دیجئے ! آپ نے فرمایا کہ بے شک جب تم میں سے کوئی شخص امام حسینؑ کی زیارت کے لئے تیار ہوتا ہے تو آسمان میں فرشتے ایک دوسرے کو خوش خبری دیتے ہیں جب وہ سوار یا پیادہ اپنے گھر سے روانہ ہوتا ہے تو حق تعالیٰ ۱۰۰۰ فرشتے اس پر مقرر کرتا ہے جو روضۂ امام حسینؑ پر پہنچنے تک اس کے لئے طلبِ رحمت کرتے رہتے ہیں۔ پھر فرمایا : جب وہ شخص روضۂ امام حسینؑ کے دروازے پر پہنچتا ہے تو وہاں کھڑے ہو کر یہ کلمات زبان سے ادا کرتا ہے تو خدائے تعالیٰ ہر کلمے کے بدلے میں اس پر رحمت بھیجتا ہے، میں نے عرض کی : وہ کلمات کون سے ہیں؟ تو آپ نے فرمایا : وہ کلمات یہ ہیں۔۔۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

BISMI ALLAAHI AR-RAHMAANI AR-RAHEEM

In the Name of Allah, the most Gracious, the most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صَفْوَةِ اللهِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللهِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللهِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللهِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى رُوْحِ اللهِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ رُسُلِ اللهِ۔

AS-SALAAMU 'ALAYKA YAA WAARITHA AADAMA SAFWATI ALLAAH. AS-SALAAMU 'ALAYKA YAA WAARITHA NOOHIN NABIYYI ALLAAH. AS-SALAAMU 'ALAYKA YAA WAARITHA IBRAAHEEMA KHALEELI ALLAAH. AS-SALAAMU 'ALAYKA YAA WAARITHA MOOSAA KALEEMI ALLAAH. AS-SALAAMU 'ALAYKA YAA WAARITHA 'EESAA ROOHI ALLAAH. AS-SALAAMU 'ALAYKA YAA WAARITHA MUHAMMADIN SAYYIDI RUSULI ALLAAH.

Peace be upon you, O inheritor of Adam the choice of Allah. Peace be upon you, O inheritor of Noah the prophet of Allah. Peace be upon you, O inheritor of Abraham the friend of Allah. Peace be upon you, O inheritor of Moses the spoken by Allah. Peace be upon you, O inheritor of Jesus the spirit of Allah. Peace be upon you, O inheritor of Muhammad the master of the messengers of Allah.

آپ پر سلام ہو اے آدمؑ کے وارث جو خدا کے چنے ہوئے ہیں ! آپ پر سلام ہو اے نوحؑ کے وارث جو خدا کے نبی ہیں ! آپ پر سلام ہو اے ابراہیمؑ کے وارث جو خدا کے خلیل ہیں ! سلام ہو آپ پر اے موسیٰؑ کے وارث جو خدا کے کلیم ہیں ! آپ پر سلام ہو اے عیسیٰؑ کے وارث جو خدا کی روح ہیں ! سلام ہو آپ پر اے محمدؐ کے وارث جو خدا کے رسولوں کے سردار ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَلِيٍّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَخَيْرِ الْوَصِيِّيْنَ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ الْحَسَنِ الرَّضِيِّ الطَّاهِرِ الرَّاضِى الْمَرْضِيِّ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ الْاَكْبَرُ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْوَصِيُّ الْبَرُّ التَّقِيُّ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى الْاَرْوَاحِ الَّتِىْ حَلَّتْ بِفِنَآئِكَ وَاَنَاخَتْ بِرَحْلِكَ۔

AS-SALAAMU 'ALAYKA YAA WAARITHA 'ALIYYIN AMEERI AL-MU'MINEENA WAKHAYRI AL-WASIYYEEN. AS-SALAAMU 'ALAYKA YAA WAARITHA AL-HASANI AR-RADIYYI AT-TAAHIRI AR-RAADEE AL-MARDIYY. AS-SALAAMU 'ALAYKA AYYUHAA AS-SIDDEEQU AL-AKBAR. AS-SALAAMU 'ALAYKA AYYUHAA AL-WASIYYU AL-BARRU AT-TAQIYY. AS-SALAAMU 'ALAYKA WA'ALAA AL-ARWAAHI ALLATEE HALLAT BIFINAA'IKA WA-ANAAKHAT BIRAHLIK.

Peace be upon you, O heir of Ali, the Commander of the Faithful and the best of the successors. Peace be upon you, O heir of al-Hasan, the well-pleasing, the pure, the content and the well-pleased. Peace be upon you, O greatest truthful one. Peace be upon you, O righteous and pious successor. Peace be upon the souls that resided in your yard and settled next to your place.

سلام ہو آپ پر اے علیؑ کے وارث جو مومنوں کے امیر اور اوصیاء میں سب سے بہتر ہیں آپ پر سلام ہو اے حسنؑ کے وارث جو پسندیدہ پاک راضی شدہ پسندیدہ ہیں آپ پر سلام ہو کہ آپ ہی صدیق اکبر ہیں آپ پر سلام ہو اے وصی جو نیک کردار پرہیزگار ہیں سلام ہو آپ پر اور ان روحوں پر جو آپ کے آستانے پر حاضر ہوتی ہیں اور یہاں اپنی سواریاں کھڑی کرتی ہیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى الْمَلَآئِكَةِ الْحَآفِّيْنَ بِكَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَجَاهَدْتَ الْمُلْحِدِيْنَ وَعَبَدْتَ اللهَ حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

AS-SALAAMU 'ALAYKA WA'ALAA AL-MALAA'IKATI AL-HAAFFEENA BIKA ASHHADU ANNAKA QAD AQAMTA AS-SALAATA WA-AATAYTA AZ-ZAKAATA WA-AMARTA BIL-MA'ROOFI WANAHAYTA 'ANI AL-MUNKARI WAJAAHADTA AL-MULHIDEENA WA'ABADTA ALLAAHA HATTAA ATAAKA AL-YAQEEN. AS-SALAAMU 'ALAYKA WARAHMATU ALLAAHI WABARAKAATUH.

Peace be upon you and upon the angels of Allah who keep eyes on you. I bear witness that you performed the prayers, defrayed the poor-rate, enjoined the right, forbade the evil, fought the apostates, and served Allah sincerely until death came upon you. Peace and Allah's mercy and blessings be upon you.

سلام ہو آپ پر اور ان فرشتوں پر جو آپ کے گرد رہتے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے نماز قائم کی زکوۃ ادا کی، نیک کاموں کا حکم فرمایا اور برے کاموں سے منع کیا آپ نے بے دینوں سے جہاد کیا اور خدا کی بندگی میں رہے یہاں تک کہ شہید ہو گئے آپ پر سلام ہو اور خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات ہوں۔

Free to read, copy and share

After this go to the blessed grave. For each step you take you would be rewarded equal to that martyr who bathes in his blood in the path of Allah. When you reach near the grave, you stand up and put your hand on the grave and say...

پھر ضریح مبارک کی طرف چلے کہ اس کے اٹھائے جانے اور رکھے جانے والے ہر قدم کے بدلے میں اس کو ایسے شہیدِ راہ خدا کا ثواب ملے گا جو اپنے خون میں ڈوبا ہو جب ضریح پاک کے قریب پہنچے تو رک جائے اور اپنا ہاتھ قبرِ مبارک سے مس کرتے ہوئے یہ کہے۔۔۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللهِ فِيْ اَرْضِهٖ وَسَمَآئِهٖ۔

AS-SALAAMU 'ALAYKA YAA HUJJATA ALLAAHI FEE ARDIHEE WASAMAA'IH.

Peace be upon you, O Allah's argument in His lands and heavens.

آپ پر سلام ہو اے خدا کی زمین اور اس کے آسمان میں اس کی حجت۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ۔

ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALI MUHAMMAD.

O Allah, send blessings upon Muhammad and the Household of Muhammad.

اے معبود! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور انکی آلؑ پر۔

You may then go for offering the namaz. For each rakat of namaz that you offer near the tomb, you will have the reward of one who went 1000 times on Hajj and 1000 times on Umrah, manumitted 1000 slaves for the sake of Allah, and stood in the line of a missioned Prophet 1000 times."

اس کے بعد نماز پڑھے کہ وہاں بجا لائی گئی ہر رکعت کے عوض اسے اس شخص جتنا ثواب ملے گا جو ۱۰۰۰ حج و عمرہ بجا لا چکا ہو ۱۰۰۰ غلام آزاد کیا ہو اور کسی پیغمبرؑ مرسل کے ہمراہ رہ کر ۱۰۰۰ مرتبہ جہاد کیا ہو۔

You should then return to the place near the head of Imam Husain (a), supplicate Almighty Allah as much as you can, and pray for yourself, your family members, your parents, and your friends, because any prayer in the holy shrine of Imam Husain (a) shall never be rejected.

اس کے بعد امام حسینؑ کے سرہانے کی طرف آجائے اور وہاں اپنے فرزندوں اپنے ماں باپ اور بہن بھائیوں کے لئے بہت زیادہ دعائیں مانگے کیوں کہ امام حسینؑ کے روضۂ مبارک پر دعا کرنے والے کی دعا اور سوال کرنے والے کا سوال رد نہیں کیا جاتا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Printed from https://fzic.org/library/ziyarat/4th-ziyarat-i-husain-a-3139 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.